تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 09 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ، سیبی اور این ایس ای نے مشترکہ طور پر سرمایہ کاروں کی بیداری کا پروگرام منعقد کیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ (جے ایم آئی) سیکوریٹی اینڈ ایکسچینج بورڈ آف انڈیا (سیبی) اور نیشنل اسٹاک ایکسچینج آف انڈیا لمیٹیڈ (این ایس ای) نے ڈاکٹر ذاکر حسین لائبریری کے کانفرنس ہال میں مورخہ سات فروری دو ہزار چوبیس کو مشترکہ طور پر سرمایہ کاروں کی بیداری کا پروگرام اور مذاکراتی سرمایہ کار کوئز کا انعقاد کیا۔

محترم امت موائی، اسسٹنٹ جنرل منیجر، سیبی، جناب جوگندر سنگھ، ریگولیٹری ہیڈ، این ایس ای شمال اور محمد اظہار ڈپٹی منیجر، این ایس ای شمال پروگرام کے کلیدی خطبے کے مقررین تھے۔ پروفیسر محمد مسلم خان، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروگرام میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور پروفیسر شاہد اشرف، شعبہ معاشیات اور سابق کارگزار شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بطور باحث پروگرام میں شرکت کی۔

جامعہ میں منعقدہ سیبی سرمایہ کاروں کی بیداری پروگرام نوڈل آفیسر اور شعبہ معاشیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے صدر شعبہ پروفیسر اشرف علیان نے افتتاحی گفتگو میں ایسے بیداری پروگراموں کی اہمیت اجاگر کی اور اس بات پر زور دیا کہ کیپٹل مارکیٹ سرمایہ کاری کے مواقع، چیلنجز اور خطرات اس کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں اسی وجہ سے سرمایہ کاروں کی بیداری بہت ضروری ہے۔ اس مشترکہ پروگرام کے لیے جامعہ ملیہ اسلامیہ کو منتخب کرنے کے سلسلے میں انھوں نے سیبی اور این ایس ای کا شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر موصوف نے پروفیسر اقبال حسین، کارگزار شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے تیئں ان کے تعاون اور رہنمائی کے لیے جذبہ امتنان کا اظہار کیا۔

پروفیسر مسلم خان نے بتایا کہ لوگوں کو مالیاتی مارکیٹ میں جانے سے پہلے پوری طرح باخبر ہونا چاہیے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بغیر مناسب معلومات اور استعداد کے پھنسنے کے امکانات ہوتے ہیں۔ انھوں نے ایسے شان دار پروگرام کے انعقاد کے لیے جامعہ، سیبی اور این ایس ای کی ستائش کی۔

جناب جوگندر سنگھ نے سامعین میں موجود سامعین کو سرمایہ کار کی شمولیت کے سلسلے میں عام بیداری کے نکتے سے اپنا کلیدی

خطبہ شروع کیا۔انھوں نے مالیاتی منصوبہ بندی کی اہمیت اور بروقت اور مناسب سرمایہ کاری کے فیصلے لینے کی ضرورت پر بھی بات کی۔انھوں نے بنیادی مالیاتی آلات اور اثاثوں کے متعدد زمروں اوران کے نظام عمل کے سلسلے میں تفصیل اور وضاحت سے بتایا۔ پروگرام کومزید دلچسپ بنانے کے لیےانھوں نے سامعین سے بھی بات کی اوران کے شکوک وشبہات کو سنا۔

جناب امت موائی ،اسسٹنٹ جنرل منیجر،سیبی نے مالیاتی مارکیٹ کے تناظر میں انضباطی مجلس کی ضرورت پر زور دیا۔انھوں نے سرمایہ کاروں کی دلچسپی اور مالیاتی مارکیٹ کو رواں دواں رکھنے کے سلسلے میں ان کے رول کے متعلق بھی بات کی۔انھوں نے کہا کہ یہ انضباطی مجلس کی ذمہ داری ہے کہ وہ مارکیٹ سے متعلق شفاف اور مفت معلومات ساجھیداروں تک بہم پہنچائے۔بعد میں انھوں نے سیبی کی مختصر تاریخ ،اس کا کام ،اس کا نصب العین ،ذمہ داریاں اور سیکوریٹی آلات اوران کی تکمیلی خصوصیات کی مختلف اقسام کے متعلق اجمالی طور پر بتایا۔

کلیدی خطبات کے بعد مذاکراتی کوئز مقابلہ سیشن ہوا۔کوئز میں حصہ لینے والے شرکا کو خصوصی تحفے دیے گئے۔پروگرام میں فیکلٹی اراکین پروفیسر نندن نوان، ڈاکٹر ندیم، ڈاکٹر شاداب، جناب عاقب، پروفیسر نصیب احمد اور یونیورسٹی کے دیگر شعبہ جات کے طلبا نے سرگرمی اور جوش وخروش سے حصہ لیا۔پروگرام کورآڈینیٹر ڈاکٹر محمد کاشف خان ،شعبہ معاشیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اظہار تشکر کے بعد پروگرام کے اختتام کا اعلان کیا گیا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی